دارالافتاء والقضاء

الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

ای میل:darulifta@gmail.com ویب سائٹ:www.jamiabinoria.net فون:2560300-2560400 فیکس:2564586

MODE: **Regular**

Name	: **Muhammad Rizwan**	Serial No	: **17862**
Address	: **sukkur Pakistan**	Date	: **11/29/2012**
Subject	: **AQAID**	Contact No:	
Writer	: خانزادہ	Email	:

Assalamualykum
bara e meherbani ye bataye k qayamat k roz insan ko oske baap k naam se pukara jaega ya maa k naam se ?
hadis ka hawala bhi dijyega
jazakAllah.

برائے مہربانی یہ بتائیں کہ قیامت کے روز انسان کو اُسکی باپ کے نام سے پکارا جائیگا یا ماں کے نام سے ؟ حدیث کا حوالہ بھی دیجیئگا۔

الجواب حامدًا ومصلیًا

احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ عمومًا روزِ قیامت انسان کو باپ کے نام سے پکارا جائیگا جبکہ بعض روایات میں ماؤں کے نام سے پکارنے کا بھی تذکرہ ملتا ہے مگر بتصریح شرّاحِ حدیث یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان افراد سے متعلق ہے جن کے والد نہیں ہوتے۔

فی سنن ابی داوٗد باب فی تغییر الأسماء، حدثنا عمرو بن عون قال (الیٰ قوله) عن ابی الدرداء قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم انکم تدعون یوم القیامة باسمائکم واسماء آبائکم فأحسنوا اسمائکم وفی حاشیته ۵ انکم تدعون یوم القیامة إلخ قد جاء فی بعض الروایات انه یدعی الناس یوم القیامة باسماء امهاتهم فقیل الحکمة فیه ستر حال اولاد الزنا لئلا یفتضحون لعدم الآباء لهم وقیل ذلک لرعایة حال عیسی بن مریم لأن لا أب له وقیل غیر ذلک فإن ثبت هذه الروایة حمل الأباء علی التغلیب کما فی الأبوین أو بحمل أنهم یدعون تارة بالآباء واخری بالامهات او البعض بالآباء والبعض بالامهات او فی بعض المواطن بهم وفی بعضها بهن واللّٰہ اعلم ۱۲ لمعات۔ (ج۲ ص۳۲۸) ۔ واللّٰہ اعلم

خانزادہ عفی عنہ
دارالافتاء جامعۃ بنوریۃ سائٹ کراچی ۱۶
۴ رمضان المبارک ۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۵ / ۹ / ۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دارالافتاء [illegible]
۶ رمضان ۱۴۳۴ھ

دارالافتاء [stamp]

نائب رئیس [stamp]

۱۷۸۶۲
۱۴۳۴/۹/۱۲ھ
22/7/13